25-04-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا انتخابات کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا وقت آج ختم ہو چکا ہے۔کل پرچہ نامزدگیوں کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔

☆ تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے بی جے پی پر ایس سی اور ایس ٹی او بی سی تحفظات ختم کرنے کی سازش کا الزام لگایا اور بی جے پی حکومت کے خلاف چارج شیٹ جاری کی۔

☆الیکشن کمیشن آف انڈیا نے سینئر بی جے پی قائد نریندر مودی اور سینئر کانگریس قائد راہول گاندھی کے خلاف مبینہ طور پر مثالی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی شکایت کو قبول کرلیا ہے۔

☆ ریاست میں دو الگ الگ حادثوں میں دس افراد اپنی جانوں سے ہاتھ گنوا بیٹھے۔

☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے سینئر بی جے پی قائد نریندر مودی اور سینئر کانگریس قائد راہول گاندھی کے خلاف مبینہ طور پر مثالی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی شکایت کو قبول کرلیا ہے اور الیکشن کمیشن آف انڈیا نے بی جے پی صدر جے پی نڈا اور کانگریس صدر ملکا ارجن کھرگے کو مکتوب روانہ کرتے ہوئے اس ماہ کی 29 تاریخ گیارہ بجے دن تک جواب دینے کو کہا ہے۔مکتوب میں الیکشن کمیشن آف انڈیا نے تمام اسٹار کیپینرس کو ہدایت دی ہے کہ وہ سیاسی گفتگو کی معیاد اور رہنمایانہ خطوط کو ملحوظ خاطر رکھیں اور اس ضمن میں ایم سی سی کی جانب سے دی جانے والی ہدایات کو پیش نظر رکھیں۔کانگریس ،سی پی آئی اور سی پی ایم نے بی جے پی کے سینئر رہنما کی تقریر پر سوال اٹھائے تھے جو انہوں نے راجستھان میں انتخابی جلسہ کے دوران کئے تھے۔اور وہیں بی جے پی نے کانگریس کے سینئر رہنما راہول گاندھی کی جانب سے کیرالہ کے کوتیم میں کی گئی تقریر کے دوران قابل اعتراض چیزوں پر تنقید کرتے ہوئے شکایت درج کی تھی۔

مہاتما جیوتی پھولے بائیکورڈ کلاسیس ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنس سوسائٹی (MJPBCEIS) کے طالب علم انکیتا نے انٹرمیڈیٹ پبلک امتحان کے سال اول میں 470 میں سے 469 نشانات حاصل کرتے ہوئے ریکارڈ بنایا ہے۔واضح رہے کہ کل انٹرمیڈیٹ امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا جا چکا ہے۔انکیتا کے دیگر ساتھیوں میں جے سونی نے 467 اور ای انکیتا نے 466 جبکہ دیگر اور طلبہ نے بھی بی پی سی ،ایم ای سی ،سی ای سی اور ایچ ای سی میں بہترین نشانات حاصل کئے ہیں۔ایم پی سی سال دوم کے طالب علم دکشیتا نے ایک ہزار میں سے 991 نشانات حاصل کئے ہیں جبکہ ان کے دیگر ساتھیوں میں آر ترتینا نے 983 اور سی نندنی نے 980 نشانات حاصل کئے ہیں۔اسی طرح بی پی سی طلبہ نے بھی بہترین مظاہرہ کیا ہے۔اس موقع پر خصوصی تقریب آج منعقد کی گئی جس میں پرنسپل سکریٹری ایجوکیشن برراؤ وینکٹیشم ،بی سی ویلفیر ریسڈنشیل انسٹی ٹیوشنس سوسائٹی سکریٹری بی سائیدلو نے بہترین نتائج پر طلبہ اور اساتذہ کو تہنیت پیش کی اور مبارکباد دی۔

☆☆☆☆☆

دو الگ الگ حادثات میں دس افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔سوریا پیٹ ضلع میں ایک سڑک حادثہ میں چھ افراد کی موت ہوگئی جب نیشنل ہائی وے 65 درگا پورم کوداڑ منڈل میں آج صبح کی اولین ساعتوں میں تیز رفتار کار نے راستہ پر کھڑی ٹرک کو ٹکر دیدی۔ایک ہی خاندان کے دس افراد چرچ میں منعقدہ تقریب میں حصہ لینے کیلئے حیدرآباد سے وجئے واڑہ روانہ ہو رہے تھے۔ایس یو وی گاڑی جس میں وہ سوار تھے سو تا ایک سو دس کیلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ٹھہری ہوئی لاری کو پیچھے سے ٹکر ماردی۔ڈی ایس پی کوداڑ ایم سریدھر ریڈی نے بتایا کہ چھ افراد برسر موقع ہلاک ہوگئے جبکہ چار دیگر زخمی ہیں۔ٹھہری ہوئی لاری کا ایکسل فیل ہونے کی وجہ سے ڈرائیور نے لاری کو راستہ میں کھڑا کیا تھا اور گاڑی کے مالک سے گاڑی کی درستگی سے متعلق گفتگو کررہا تھا کہ یہ دردناک حادثہ اچانک پیش آیا۔ تحقیقات کے موقع پر یہ بات سامنے آئی۔

☆☆☆☆☆

ایک دوسرے بڑے دردناک حادثہ میں ضلع ورنگل کے وردنا پیٹ منڈل کے یلندو میں چار نوجوان اس وقت ہلاک ہوگئے جب وہ مخالف سمت سے آرہی بس کو موٹر سائیکل سے ٹکر ہوگئی۔ یہ حادثہ کل رات پیش آیا۔ پولیس نے اس بات کی اطلاع دی۔ یہ خانگی بس وردھنا پیٹ سے ورنگل جارہی تھی کہ ورنگل شہر کے قریب یلندو گاؤں میں اکیرو برج کے قریب سامنے سے آرہی موٹر سائیکل نے ٹکر ماردی۔ موٹر سائیکل پر چار افراد سوار تھے۔جس میں سے تین برسرموقع ہلاک ہوگئے جبکہ چوتھے زخمی شخص رنیل کمار نے ایم جے ایم ہاسپٹل ورنگل میں زخموں کی تاب نہ لاکر انتقال کرگئے۔ یہ چاروں آپس میں دوست بتائے گئے ہیں جو حادثہ کے موقع پر ایک گاڑی پر جارہے تھے۔اے سی پی اے نرسیا نے وردھنا پیٹ پہنچ کر مقام حادثہ کا معائنہ کیا۔

☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے حکمنامہ جاری کیا ہے کہ کوئی بھی شخص جو کسی کاروبار، تجارت، صنعتی ادارہ میں ملازم ہے انتخابات کے موقع پر ووٹ ڈالنے کیلئے اس دن اسے تنخواہ کے ساتھ چھٹی دی جائے۔ الیکشن کمیشن نے ریپر یزنٹیشن آف پیپل ایکٹ سیکشن 135 بی کے تحت یہ حکم جاری کیا ہے۔ آجروں کو اس کی خلاف ورزی کرنے پر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ای سی کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ تمام خانگی اداروں میں کام کرنے والے ملازمین اس دن چھٹی اور تنخواہ کے حقدار رہیں گے۔

☆☆☆☆☆

سکریٹری برائے اطلاعات ونشریات سنجے جاجو اور چیئرمین تلنگانہ ریگولیٹری اتھارٹی آف انڈیا انیل کمار لاہوٹی نے آج ایشیاء ویڈیو انڈسٹری اسوسی ایشن کے فیوچر آف ویڈیو انڈیا کانفرنس کا ممبئی میں افتتاح انجام دیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے I & B کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ ان کی وزارت ہندوستانی میڈیا اور تفریحی صنعت کو آگے بڑھانے کے لئے متحرک ہے اور اس صنعت کو سو بلین یو ایس ڈالر تک وسعت دینا چاہتے ہیں۔ فی الحال اٹھائیس سے تیس بلین ڈالر اس کی موجودہ تخمینہ مارکٹ موجود ہے۔ براڈ کاسٹنگ سرویس ریگولیشن بل 2023 سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس کا مقصد کیبل ٹیلی ویژن نیٹ ورک ریگولیشن ایکٹ 1995 کو تبدیل کرنا ہے۔ جاجو نے کہا کہ اس کا مقصد ریگولیٹری کو ہموار کرنا اور مختلف خدمات کے درمیان توازن برقرار رکھنا ہے۔اس موقع پر TRAI کے چیئرمین انیل کمار لاہوتی نے کہا کہ ٹرائی کا مقصد بغیر کسی تفریق کے تمام کھلاڑیوں کو ایک سطح کا کھیل کا میدان فراہم کرنا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور وزیراعلیٰ تلنگانہ ریونت ریڈی نے آج مبینہ طور پر بھارتیہ جنتا پارٹی پر ایس سی ایس ٹی اور او بی سی تحفظات کو ختم کرنے کی سازش کرنے کا الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ زعفرانی پارٹی چارسو نشستیں حاصل کرنے کا نعرہ اسی لئے لگارہی ہے کہ تحفظات کو ختم کردیا جائے جبکہ ہمارے دستور میں ایس سی اور ایس ٹی تحفظات کیلئے تحفظ فراہم کیا گیا ہے جبکہ بی جے پی، آر ایس ایس کے ایجنڈہ کو نافذ کرنا چاہتی ہے اور تحفظات ختم کرنا چاہتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے آج پارٹی آفس گاندھی بھون حیدرآباد میں بی جے پی کے خلاف چارج شیٹ جاری کی۔ اے آئی سی سی تلنگانہ انچارج دیپا داس منشی اور وزراء نے اس پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے نشاندہی کی کہ ماضی میں بھی بی جے پی نے اس طرح کی چیزوں پر عمل کیا ہے اور آر ایس ایس کے ایجنڈہ کو روبہ عمل لاتے ہوئے تین طلاق، آرٹیکل 370، نوٹ بندی، یونیفارم سیول کوڈ اور سی اے اے کے ایجنڈہ پر عمل پیرا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاست میں لوک سبھا انتخابات کے لئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آج آخری تاریخ ختم ہوچکی ہے۔ ریاست میں پڑوسی ریاست آندھرا پردیش کے ساتھ اگلے ماہ کی تیرہ تاریخ کو انتخابات ہوں گے۔ گزشتہ کل تک تقریباً پانچ سوسینتالیس امیدواروں نے جملہ مجموعی طور پر 856 نامزدگیاں جمع کروائی ہیں۔ ملکاجگیری حلقہ سے سب سے زیادہ نامزدگیوں کی تعداد 53 دیکھی گئی۔اس کے بعد بھونگیر 45 اور چیوڑلہ سے چوالیس نامزدگیاں داخل ہوئی ہیں۔ چیف الکٹورل آفیسر وکاس راج نے کہا کہ کل ان پرچہ نامزدگیوں کی جانچ کی جائے گی۔ اس دوران کھمم، ورنگل، نلگنڈہ گریجویٹ حلقہ کے قانون ساز کونسل کے ضمنی انتخاب 27 مئی کو منعقد ہوں گے۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا کے مطابق دو مئی کو نوٹیفیکشن جاری کیا جائے گا جبکہ اگلے ماہ کی 9 تاریخ تک نامزدگیاں وصول کی جائیں گی۔ واضح رہے کہ ایم ایل سی ڈاکٹر پی راجیشور ریڈی کے استعفی کے بعد یہاں ضمنی انتخاب کی ضرورت پیش آئی ہے کیوں کہ وہ اسمبلی کیلئے منتخب ہوچکے ہیں۔

مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سینئر قائد امیت شاہ نے آج مبینہ طور پر الزام لگایا کہ تلنگانہ میں برسر اقتدار کانگریس پارٹی کے رہنماؤں نے ریاست تلنگانہ کو دہلی کے پارٹی قائدین کیلئے اے ٹی ایم میں تبدیل کر دیا ہے۔سدی پیٹ میدک لوک سبھا حلقہ میں انتخابی ریالی سے خطاب کرتے ہوئے آج دوپہر امیت شاہ نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت بی آر ایس کی بدعنوانیوں کے الزامات کی تحقیقات نہیں کر رہی ہے چاہے وہ کالیشورم معاملہ ہو یا اراضی کے گھٹالے ہوں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس اور بی آر ایس دونوں پارٹیاں ایک ہی ہیں۔امیت شاہ نے کہا کہ تلنگانہ کی مجموعی ترقی صرف بی جے پی کے اقتدار کے تحت ہی ممکن ہے۔

☆☆☆☆☆

آج ریاست تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کیلئے پرچہ نامزدگیاں داخل کرنے کا آخری دن تھا۔اس کے ساتھ ہی شہر حیدرآباد میں لوک سبھا انتخابات کیلئے تیاریاں تیز ہو چکی ہیں۔موجودہ رکن پارلیمنٹ حیدرآباد اسدالدین اویسی کی جماعت مجلس اتحاد المسلمین کی جانب سے گھر گھر پہنچ کر انتخابی مہم چلائی جارہی ہے۔ایم آئی ایم کے تمام سات اراکین اسمبلی،کونسلرس،اراکین بلدیہ انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں اور عوام سے ایم آئی ایم کے حق میں ووٹ کرنے کی اپیل کررہے ہیں۔چندرائن گٹہ کے رکن اسمبلی اکبرالدین اویسی بھی روزانہ انتخابی جلسوں کو مخاطب کررہے ہیں۔حیدرآباد میں ایم آئی ایم کا اصل مقابلہ بی جے پی کے ساتھ دیکھا جارہا ہے۔جبکہ کانگریس اور بی آر ایس کے امیدوار میدان میں آچکے ہیں۔مجلس بچاؤ تحریک نے پارلیمانی انتخابات میں حصہ نہ لینے کا اعلان کرتے ہوئے جاری تجسس کو ختم کردیا۔ایم بی ٹی کے صدر مجید اللہ خان فرحت نے کہا کہ ان کی پارٹی نے فسطائی طاقتوں کو شکست دینے کے مقصد سے اپنے امیدوار کو نہ ٹہرانے کا فیصلہ کیا ہے۔بی جے پی کی امیدوارہ مادھوی لتا بھی گھر گھر پہنچ کر انتخابی مہم چلارہی ہیں اور بی جے پی کے حق میں ووٹ مانگ رہی ہیں۔بی آر ایس سے گڈم سرینواس انتخابی میدان میں ہیں جبکہ کانگریس پارٹی نے مسلم امیدوار ایم ولی اللہ سمیر کو کھڑا کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

وائی ایس آر سی پی کے سربراہ اور آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ وائی ایس جگن موہن ریڈی نے پولی وینڈلہ اسمبلی حلقہ سے آج اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ پارٹی کے دیگر امیدوار وائی ایس شرمیلا ریڈی و دیگر موجود تھے۔اس دوران آندھراپردیش کے چیف الکٹورل آفیسر مکیش کمار مینا نے کہا کہ ضابطہ اخلاق لاگو ہونے کے بعد سے اب تک 165.91 کروڑ روپئے کے نقد رقم،شراب اور ڈرگس ضبط کئے گئے ہیں۔سی او نے بتایا کہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست میں 8.65 کروڑ روپئے کی نقد رقم،شراب اور دیگر اشیاء ضبط کی گئیں۔

☆☆☆☆☆